PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

انڈر 16کرکٹ سیریز: پاکستان نے بنگلہ دیش کو دوسرے تین روزہ میچ میں شکست دے کر سیریز اپنے نام کرلی

- کپتان عالیان محمود کی آلراؤنڈ کارکردگی
- میزبان ٹیم کی فتح میں اسپنرز نے کلیدی کردار ادا کیا

لاہور،2نومبر 2019ء:

قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم نےکپتان عالیان محمود کی شاندار کارکردگی کی بدولت بنگلہ دیش انڈر16 کرکٹ ٹیم کو دوسرے تین روزہ میچ میں7وکٹوں سے شکست دے کر سیریز 1-0 سے جیت لی۔ میزبان ٹیم نے 98 رنز کا ہدف 3وکٹوں کے نقصان پرحاصل کرلیا۔ 130 رنز کے خسارے کا شکار بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم دوسری اننگز میں 227 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم کے کپتان عالیان محمود نےدوسری اننگز میں40 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ اسپنر علی اسفند نے میچ میں 4وکٹیں حاصل کیں۔

کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری میچ کے آخری روز مہمان ٹیم نے 1وکٹ کے نقصان پر 64 رنز سے اپنی دوسری اننگزکاآغاز کیا تو میزبان ٹیم کے ا سپنرز کی عمدہ باؤلنگ کی بدولت پوری ٹیم 94ویں اوور میں 227 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بنگلہ دیش انڈر 16 کرکٹ ٹیم نے پاکستان انڈر 16 کرکٹ ٹیم کو 98 رنز کا ہدف دیا۔ عباس علی کے ناقابل شکست 43 رنز کی بدولت میزبان ٹیم نے مطلوبہ ہدف 7وکٹوں قبل حاصل کرلیا۔

اس سے قبل قومی انڈر 16 کرکٹ ٹیم نے پہلی اننگز میں مہمان ٹیم کے 108 رنز کے جواب میں 238 رنز اسکور کیے تھے۔
دومیچوں کی سیریز کا پہلا میچ ڈرا ہوگیا تھا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486

W: www.pcb.com.pk